No. of Printed Pages : 3

OULE-002

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

Term-End Examination

00370

June, 2015

OULE-002 : CONTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ :۔ کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

1۔ افسانے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔ 10

یا

اُردو میں افسانے کی روایت پر ایک نوٹ لکھیے۔

2۔ ناول ''گؤدان'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ 10

یا

پریم چند کے فن سے بحث کیجیے۔

3۔ قاضی عبدالستار کے ناول ''شب گزیدہ'' کی کہانی بیان کیجیے۔ 10

یا

قرۃ العین حیدر کے سوانحی حالات پیش کیجیے۔

4۔ افسانہ ''نیا قانون'' کا خلاصہ لکھیے۔ 10

یا

افسانہ اور ناول میں فرق کی وضاحت کیجیے۔

5۔ درج ذیل کے اقتباس کو بہ غور پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

ابا ایک دن چوکھٹ پر اوندھے منہ گرے اور انھیں اٹھانے کے لیے کسی حکیم یا ڈاکٹر کا نسخہ کام نہ آسکا۔ اور حمیدہ نے میٹھی روٹی کے لیے ضد کرنی چھوڑ دی۔ اور کبریٰ کے پیغام نہ جانے کدھر راستہ بھول گئے۔ جانو کسی کو معلوم ہی نہیں کہ اس ٹاٹ کے پردے کے پیچھے کس کی جوانی آخری سسکیاں لے رہی ہے اور ایک نئی جوانی سانپ کے پھن کی طرح اٹھ رہی ہے۔ مگر بی اماں کا دستور نہ ٹوٹا۔ وہ اسی طرح روز دوپہر کو سہ دری میں رنگ برنگ کپڑے پھیلا کر گڑیوں کا کھیل کھیلا کرتی ہیں۔ انھوں نے کہیں نہ کہیں سے جوڑ جمع کر کے شبرات کے مہینے میں کریب کا ڈوپٹہ ساڑھے سات روپے میں خرید ہی ڈالا۔ بات ہی ایسی تھی کہ بغیر خریدے گذارہ نہ تھا۔ منجھلے ماموں کا تار آیا کہ ان کا بڑا لڑکا راحت پولیس کی ٹریننگ کے سلسلے میں آرہا ہے۔ بی امّاں کو تو بس جیسے ایک دم گھبراہٹ کا دورہ پڑ گیا، جانو راحت نہیں،

چوکھٹ پر بارات آئی کھڑی ہو اور انھوں نے ابھی دلہن کی مانگ کی افشاں بھی نہیں کتری۔ ہول سے ان کے تو چھکے چھوٹ گئے۔ جھٹ اپنی منہ بولی بہن بندو کی ماں کو بلا بھیجا۔

(۱) بی امّاں روز دوپہر کو کیا کرتی تھیں؟

(۲) بی اماں کے گھر راحت کس غرض سے آیا تھا؟

(۳) ابّا کی موت کے بعد حمیدہ نے کون سی ضد چھوڑ دی؟

(۴) بی اماں نے شب برات کے مہینے میں کیا خریدا تھا؟

(۵) راحت، بی اماں کا کون تھا؟